# سماجی و ماحولیاتی رہنما اصول برائے ٹھیکیداران

# Social and Environmental Guidelines for Contractors

## Improving Workforce Readiness in Punjab Project (IWRPP)



ADB

# پیش لفظ

پروجیکٹ (TVET) اداروں کو اپ گریڈ کرے گا جن میں ٹیوٹا کے زیر انتظام 16 انسٹی ٹیوٹ اور پی وی ٹی سی کے زیر انتظام 03 ادارے شامل ہیں۔ 17 اداروں میں سول ورکس ہوں گے اور سینٹر فار ایگریکلچرل مشینری انڈسٹریز میاں چنوں اور انسٹی ٹیوٹ آف سرجیکل ٹیکنالوجی سیالکوٹ کو جدید آلات سے اپ گریڈ کیا جائے گا۔ تمام 19 سی او ایز آٹھ ترجیحی اقتصادی شعبوں میں سی بی ٹی اے اپروچ تربیتی پروگرام فراہم کریں گے۔ ان ترجیحی اقتصادی شعبوں میں سے چھ عمودی شعبے ہیں: (1) سیاحت اور مہمان نوازی [3 سی او ایز]؛ (ii) آٹو موبائل اور موٹر سائیکل اسمبلی، پارٹس اور مرمت [2 سی او ایز]؛ (iii) تعمیر [2 سی او ایز]؛ (iv) ٹیکسٹائل اور ملبوسات [2 سی او ایز]؛ (5) فوڈ پروسیسنگ (بشمول زراعت، ڈیری اور لائیو سٹاک مصنوعات) [2 سی او ایز]؛ اور (6) صحت [1 سی او ای]۔ بقیہ دو کراس کٹنگ شعبے ہیں: (1) لائٹ انجینئرنگ (قابل تجدید توانائی، سرجیکل آلات، زرعی مشینری، اور عام) [6 سی او ایز]؛ اور (ii) انفارمیشن کمیونیکیشن ٹیکنالوجی (آئی سی ٹی) [3 سی او ایز]۔

پروجیکٹ کے دائرہ کار کے تحت موجودہ TVET اداروں کے احاطے میں نئے تعلیمی بلاکس کی مرمت / تعمیر شامل کی جائے گی۔ بلڈنگ کی تعمیر کے کاموں کے دوران، ایشیائی ترقیاتی بینک ایس پی ایس، 2009 کے رہنما خطوط کے مطابق تمام ماحولیاتی، سماجی اور صنفی تحفظ کے امکانات کو اس کے حقیقی جوہر میں سختی سے نافذ کیا جائے گا.

# سماجی وماحولیاتی رہنما اصول برائے ٹھیکیداران

# Social and Environmental Guidelines for Contractors

## تعارف

ٹھیکیدار کسی بھی طرح کے بھی ترقیاتی کاموں کے کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔کوئی بھی ادارہ انکے بغیر کسی بھی ترقیاتی کام کو پایہء تکمیل تک نہیں پہنچا سکتا۔ کیونکہ ٹھیکیدار جدید ترین مشینری، آلات اور ورک فورس سے پوری طرح لیس ہوتے ہیں اس لیے کسی بھی ترقیاتی کام کی تکمیل کے لیے ٹھیکیدار کی شمولیت ضروری سمجھی جاتی ہے۔

افسران کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسے ٹھیکیداروں کو اپنے ساتھ ترقیاتی منصوبوں میں شامل کریں جو سماجی وماحولیاتی مسائل کے بارے میں مناسب آگاہی رکھتے ہوں تا کہ کام شروع کرنے سے پہلے دوران اور تکمیل کے بعد ان مسائل کو سنجیدگی سے لیا جائے اور ان کے برے اثرات کو کم کرنے کے لیے احتیاطی تدابیر اپنائی جائیں اور وہ منصوبے ماحول دوست بن سکیں۔



ترقیاتی کاموں میں ہماری تھوڑی سی بے احتیاطی ماحولیاتی حسن کو بگاڑنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔اس ماحولیاتی نظام میں بگاڑ سے نہ صرف انسانوں کی سماجی، ماحولیاتی، معاشی اور معاشرتی زندگی متاثر ہوتی ہے بلکہ جانوروں اور پودوں کی زندگی بھی خطرے میں پڑ جاتی ہے۔اس لیے ہمارماحول دوست رویہ سماجی و ماحولیاتی بہتری میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔معلومات میں کمی کے باعث ٹھیکیدار ترقیاتی کاموں کو ماحول دوست انداز میں مکمل نہیں کرتے اس لیے انہیں چاہیے کہ وہ سماجی و ماحولیاتی نظام میں بہتری پیدا کرنے کے لیے Guidelines for Contractors میں دی گئی ہدایات پر عملدرآمد یقینی بنائیں تاکہ ترقیاتی کاموں کے دوران پیدا ہونے والے سماجی و ماحولیاتی مسائل کی بروقت نشاندہی اوران کے تدارک کے لیے مناسب حل پیش کیا جاسکے۔



# ماحولیاتی مسائل اور ٹھیکیدار کی ذمہ داریاں

## Environmental Issues and Responsibilities of Contractors








## ماحولیاتی مسائل

1۔ ہوا کی آلودگی، دھواں اور گرد و غبار (Air/dust pollution)

2۔ پانی کی آلودگی (Water pollution)

3۔ شوروغُل (Noise pollution)

4۔ انسانی صحت کو نقصان (Damage to human health)

5۔ کوڑا کرکٹ کا جمع ہونا (Garbage heaps)

6۔ جمالیاتی حسن کو نقصان (Damage to aesthetic beauty)

7۔ مٹی کا اڑنا (Dust)

8۔ کیمپ سائٹ یا خیمہ کی غیر مناسب جگہ پر موجودگی (Wrong selection of camp site)

9۔ درختوں اور پودوں کا کاٹنا (Cutting of trees & plants)

  

## ٹھیکیدار کی ذمہ داریاں Responsibilities of Contractors

ٹھیکیدار کو چاہیے کہ ترقیاتی کاموں کو اس طرح سے سرانجام دے کہ کام کے دوران اور مکمل ہونے کے بعد ماحول کو کم سے کم نقصان پہنچے۔ ٹھیکیدار اور اس کے عملے کو چاہیئے کہ وہ مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھے:

1۔ مشینری کے شور کو کم کرنے کے لیے بروقت ٹیوننگ کروائیں اور کم سے کم شور پیدا کرنے والی جدید مشینری استعمال کریں۔

2۔ کنسٹرکشن سائٹ پر حفاظتی سائن بورڈ لگائیں

3۔ کنسٹرکشن ویسٹ کو بروقت اٹھا کر مناسب جگہ پر منتقل کیا جائے

4۔ کیمپ سائٹ (Camp Site) سے پیدا ہونے والے سالڈ ویسٹ کو نزدیکی کھیتوں میں نہ ڈالیں

5۔ پراجیکٹ سائٹ (Project Site) پر فرسٹ ایڈ بکس رکھا جائے تاکہ ضرورت پڑنے پر کام کرنے والی لیبر کو بروقت طبی امداد دی جا سکے

6۔ مٹی اڑنے (Dust Pollution) کی صورت میں پانی کا چھڑکاؤ کریں

7۔ مزدوروں/لیبر کی صحت کی حفاظت کے لیے ذاتی حفاظتی آلات PPE's ضرور رکھیں جائیں جیسا کہ چہرے کا ماسک/دستانے/حفاظتی جوتے/عینک وغیرہ اور ان کا استعمال یقینی بنایا جائے

8۔ آبی حیات (Aquatic Life) کو نقصان نہ پہنچائیں

9۔ سالڈ ویسٹ کو نزدیکی آبی ذخائر (Water Bodies) میں پھینکنے سے گریز کریں

10۔ ہوا، پانی اور شور کی آلودگی (Air/Water/Noise Pollution) کو جانچنے کے لیے منصوبہ جات کی عمل درآمد سے پہلے، دوران اور ختم ہونے کے بعد محکمہ تحفظ ماحولیات (EPD) سے منظور شدہ لیبارٹریز سے ٹیسٹ ضرور کرائیں تاکہ ماحول کو پیش آنے والے منفی اثرات کا جائزہ لے کر برقت تدارک (Mitigation Measures) کیا جا سکے

11۔ جہاں تک ہو سکے درختوں کو کاٹنے سے گریز کریں

12۔ دوختوں پر موجود پرندوں کے گھونسلوں (Birds Habitats) کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچائیں اور پرندوں کا شکار نہ کریں



# سماجی مسائل اور ٹھیکیدار کی ذمہ داریاں

# Social Issues and Responsibilities of Contractors

## سماجی مسائل

1. کھڑی فصلوں اور درختوں پر لگے پھلوں کو نقصان (Damage to Crops/Fruits)
2. لڑائی جھگڑے (Public Conflicts)
3. سرکاری اور غیر سرکاری املاک کو نقصان (Damage to Property)
4. ٹریفک میں رکاوٹ (Traffic Hindrance)
5. مذہبی عبادت گاہوں، تاریخی مقامات اور ثقافتی ورثہ کو نقصان (Damage to Archeological Sites)
6. ملبہ اور فالتو سامان کھیتوں میں پھینک دینا (Throwing Waste into Fields)
7. رہائشیوں کو آنے جانے میں دقت (Passage Constraints)
8. اردگرد موجود دکانداروں کا راستہ بند ہو جانے کی وجہ سے معاشی نقصان (Economic Loss)
9. اردگرد موجود سکولوں، کالجوں اور ہسپتالوں وغیرہ کا راستہ بند ہو جانے کی وجہ سے آنے جانے والوں کو پریشانی (Passage Blockage)
10. اردگرد رہائشی خواتین کے پردے اور پرائیویسی کے مسائل (Women Privacy Issues)
11. مقامی لوگوں کی جگہ پر مشینری کھڑی کرنا اور ملبہ و دیگر سامان عارضی طور پر رکھنے کی وجہ سے لڑائی جھگڑا (Temporary Land Acquisition)
12. بھاری مشینری کی نقل و حرکت کی وجہ سے مقامی لوگوں کے گھروں کے باہر گرین بیلٹ، گیراج، تھڑوں وغیرہ کی ٹوٹ پھوٹ (Damage to Green Belts / Slopes / Garage)






## ٹھیکیدار کی ذمہ داریاں Responsibilities of Contractors

1. کسی بھی منصوبہ کو شروع کرنے سے پہلے مقامی لوگوں سے مشاورت(Public Consultation) کی جائے اور انہیں اس منصوبہ کی تمام تفصیلات، منصوبہ کے مختلف مراحل اور ان سے پیش آنے والے سماجی مسائل اور کام کے اوقات کار سے مکمل آگاہی فراہم کی جائے۔
2. مقامی لوگوں کی املاک(Private Property) مثلاً پھل وار درختوں، فصلوں، باغیچوں وغیرہ کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچائیں۔
3. ٹھیکیدار اپنے عملہ کو تاکید کرے کہ علاقے کے لوگوں سے کسی قسم کے لڑائی جھگڑے سے بچیں۔
4. علاقے میں موجود خواتین کا احترام کریں اور ان کے آنے جانے میں رکاوٹ نہ ڈالیں۔
5. علاقے کے خانہ بدوشوں(Nomads) کو تنگ نہ کریں۔
6. علاقے کے رہائشیوں بالخصوص بوڑھوں، خواتین اور بچوں سے نرمی سے بات کریں۔
7. علاقے میں موجود مذہبی عبادت گاہوں، تاریخی مقامات اور ثقافتی ورثہ کو نقصان نہ پہنچائیں۔
8. ٹریفک مینجمنٹ پلان تشکیل دیا جائے اور علاقے کے لوگوں کو اس کے بارے میں بروقت معلومات دی جائیں۔
9. بوجہ کنسٹرکشن سڑک بند ہونے کی صورت میں متبادل راستہ دیا جائے اور اسکی تفصیلات مناسب جگہ پر چسپاں کریں۔
10. فالتو سامان، ملبہ اور مٹی وغیرہ کو بروقت ٹھکانے لگائیں اور اسے پراجیکٹ سائٹ پر اکٹھا کرنے اور اردگرد موجود فصلوں میں پھینکنے سے گریز کریں۔
11. اردگرد موجود دکانداروں، ٹھیلے والوں، سکول، کالج، ہسپتال، رکشہ والوں سے مشاورت کر کے کام کے اوقات کر کی تفصیلات دی جائیں تاکہ انہیں کسی قسم کی زحمت نہ ہو۔
12. ٹھیکیدار کو چاہیے کہ وہ کسی بھی منصوبہ کے مختلف مراحل کی منصوبہ بندی کرے اور ایسے اوقات کا انتخاب کرے جس سے مقامی لوگوں، دکانداروں وغیرہ کا راستہ کم سے کم بلاک ہو۔
13. منصوبے کے مختلف مراحل کو ایک ہی وقت میں ختم کرنے کی بجائے کام کو تقسیم کر کے سرانجام دیا جائے تاکہ لوگوں کو آنے جانے میں وقت نہ ہو۔
14. کنسٹرکشن سائٹ پر کسی شکایت کی صورت میں رابطہ کرنے کے لیے PIU کے شکایت سیل کے فون نمبرز اور دیگر تفصیلات مناسب جگہ پر چسپاں کریں اور شکایت کی صورت میں بروقت ازالہ کیا جائے۔
15. مزدوری کے لیے مقامی رہائشی لوگوں کو بھرتی کریں اس سے نہ صرف ان لوگوں کو روزگار میسر آئے گا بلکہ اس سے ٹھیکیدار کو لیبر کی رہائش کے لیے کم سے کم جگہ اور وسائل درکار ہوں گے۔
16. مقامی لوگوں کے قدرتی وسائل کو کم سے کم استعمال کریں۔







## صنفی مسائل

1- صنفی بنیاد پر ہراساں کرنے اور امتیازی سلوک کو روکیں۔

2-خواتین کارکنوں کے لیے علیحدہ، محفوظ اور حفظان صحت کی سہولیات قائم کریں۔

3-مناسب حفاظتی اقدامات کو نافذ کریں۔

4-ہراساں کرنے کے خلاف سخت پالیسیوں اور طریقہ کار کو نافذ کریں۔

5-کام کی جگہ پر خواتین کو ہراساں کرنے کے خلاف تحفظ ایکٹ 2010" کے مطابق ایک کمیٹی قائم کریں۔

6-تعمیراتی جگہوں کا باقاعدہ معائنہ کریں۔

7-خواتین کارکنوں کو ان کے حقوق سے متعلق آگاہ کریں۔

8-مقامی کمیونٹی کو روزگار کے مواقع فراہم کریں۔

9-کارکنوں کو انسٹی ٹیوٹ میں خاص طور پر خواتین کے اداروں میں گھومنے کی اجازت نہیں ہے۔

10- چھت کی تعمیر کے دوران ارد گرد کی عمارتوں کے پردے کا خیال رکھیں۔



## Responsibilities of Contractors ٹھیکیداران کی ذمہ داریاں

تعمیراتی کام کے دوران یہ سہولیات شامل ہونی چاہئیں۔

1. مردوں اور عورتوں کے لیے الگ الگ واش روم
2. مناسب روشنی کو برقرار رکھیں
3. کلوزڈ سرکٹ ٹیلی ویژن کی سہولیات
4. نرسنگ ماؤں کے لیے علیحدہ کمرے کے ساتھ ڈے کیئر سینٹرز
5. عملے کے لیے کامن روم
6. معذور افراد کے لیے خصوصیات

PROJECT IMPLEMENTATION UNIT
IMPROVING WORKFORCE READINESS
IN PUNJAB PROJECT (IWRPP)

299-A New Muslim Town, Lahore
Ph: 042-99232053
www.iwrpp.punjab.gov.pk